حکومت امریکہ کا پاکستانی قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی فوری رہائی کے بارے میں کیا موٴقف ہے؟ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا حکومت امریکہ سے سوال

میں اور پاکستانی قوم اس کا جواب امریکی حکومت سے جاننا چاہتی ہے۔الطاف حسین

امریکی حکومت کی جانب سے ریمنڈ ڈیوس کی فوری رہائی کا جومطالبہ کیا ہے اس کا بہتر قانونی اور آئینی جواب حکومت پاکستان کا دفتر خارجہ ہی بہتر دے سکتا

لندن۔۔۔29 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ امریکی حکومت کی جانب سے ریمنڈ ڈیوس کی فوری رہائی کا جومطالبہ کیا ہے اس کا بہتر قانونی اور آئینی جواب تو حکومت پاکستان کا دفتر خارجہ ہی بہتر دے سکتا ہے لیکن میں الطاف حسین ولد نذیر حسین مرحوم ایک پاکستانی شہری ہونے کے ناطے حکومت امریکہ سے ایک سوال پوچھتا چاہتا ہوں کہ حکومت امریکہ کا پاکستانی قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی فوری رہائی کے بارے میں کیا موٴقف ہے، میں اور پاکستانی قوم اس کا جواب امریکی حکومت سے جاننا چاہتی ہے۔

☆☆☆☆☆